گروپ سیکنڈ	SSC (Part - I)	02 - 57000	رول نمبر
(2020 - 22) to (2021 - 23) سیشن	وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60	SSC-A-2022	اُردو لازمی (انشائیہ)

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

حصہ نظم

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

BWP-G2-22

(الف) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(ب) جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(ج) ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(د) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

حصہ غزل

(الف) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ب) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار — قلم اپنا موتی پرویا کیا

(ج) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یاالٰہی ! یہ ماجرا کیا ہے ؟

حصہ دوم

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 5+5 = (10)

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن ، چشمِ انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔ ایک دن انتظار کر کے واپس جا چکے تھے کہ ایک یہودی نے قلعے سے دیکھا اور قرائن سے پہچان کر پکارا : " اہلِ عرب ! لوتم جس کا انتظار کرتے تھے وہ آگیا۔"

(ب) چھوڑ اپنی یہ پٹ پٹ ۔ چُپ نامراد ، اتنا خیال نہیں ابا بیمار پڑے ہیں۔ ڈاکٹر نے کہا ہے شور غل نہ ہو ، انہیں تکلیف ہوگی۔ چپ ! خبردار جو آواز نکالی۔ گلا گھونٹ ڈالوں گی۔ کم بخت کا جو کھیل ہے ، ایسا ہی بے ڈھنگا ہے۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10) = 2 x 5

(i) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کی طرف ہجرت کیوں کی؟ (ii) شریف زادے کی غزل سُن کر مرزا محمد رفیع سودا نے کیا کہا؟

(iii) جمن شیخ اور الگو چودھری میں دوستی کا آغاز کب ہوا ؟ (iv) نظیر اکبر آبادی کی نظموں میں کن موضوعات کا ذکر ملتا ہے؟

(v) نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ " سے ہمیں کیا اخلاقی سبق ملتا ہے؟ (vi) اصطلاح میں غزل سے کیا مراد ہے؟

(vii) سبق " قدر ایاز " میں سلیم میاں نے علی بخش کو دیہاتی ، گنوار اور بدتمیز کیوں کہا ؟

(viii) سبق " آرام و سکون " میں بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کیلئے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ii) آرام و سکون (5)

سوال نمبر 6 نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ " کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (5) = 1 + 4

سوال نمبر 7 اپنی بہن کے نام خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ (10)

یا

ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

سوال نمبر 8 درزی اور گاہک کے درمیان سوٹ تیار کرنے کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

یا

ایک کہانی تحریر کیجیے جس کا عنوان " گیدڑ کی مکاری " ہو۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔ (ii) مجھ نے یہ نہیں کیا تھا۔ (iii) احمد نے اخبار کو خریدا۔

(iv) عورتوں نے کہا ہم آگئی ہیں۔ (v) پانچ جگ ، دو پلیٹیں ، ایک گلاس ٹوٹ گئے۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) بارہ برس دلی میں رہے ---------------- (ii) بلّی کے بھاگوں ----------------

(iii) ظلم کی ٹہنی کبھی ---------------- (iv) کمخواب میں ---------------- (v) اپنے گریبان میں ----------------

☆☆☆☆☆

05-04-2022

www.ilmkidunya.com